بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

دورۂ ترجمۂ قرآن کی اشاعت کا آغاز

مرکزی انجمن خدام القرآن کی دعوت رجوع الی القرآن کے ترجمان ماہنامہ ''حکمت قرآن'' کے زیر نظر شمارے سے اس کی مسلسل اشاعت کے پچیسویں سال کا آغاز ہو رہا ہے۔ گزشتہ چوبیس سال کے دوران یہ ماہنامہ قرآن حکیم کے علوم و معارف کی نشر و اشاعت میں مقدور بھر حصہ لے رہا ہے۔ چنانچہ حکمت قرآن میں جہاں مختلف اصحابِ علم و دانش کے گراں قدر علمی و تحقیقی مضامین منفرد طور پر شائع ہوتے رہے ہیں' وہاں بعض طویل سلسلہ ہائے مضامین بھی تشنگانِ علم کی سیرابی کا ذریعہ بنتے رہے ہیں۔ ان سلسلہ ہائے مضامین میں مولانا محمد تقی امینیؒ کی تفسیر ہدایت القرآن' پروفیسر حافظ احمد یار صاحبؒ کا سلسلہ لغات و اعراب قرآن اور داعی رجوع الی القرآن محترم ڈاکٹر اسرار احمد حفظہ اللہ کا سلسلۂ تقاریر الکتاب اور مطالعۂ قرآن حکیم کا منتخب نصاب بہت نمایاں ہیں۔ ان میں سے ہر ایک سلسلۂ مضامین کئی سال پر محیط رہا ہے۔ مطالعۂ قرآن حکیم کا منتخب نصاب جو دعوت رجوع الی القرآن اور فریضہ اقامت دین کی جدوجہد میں بنیاد اور اساس کی حیثیت رکھتا ہے' اس کے دروس کا سلسلہ حکمت قرآن کے صفحات میں لگ بھگ آٹھ برس تک جاری رہا اور دسمبر 2004ء میں پایۂ تکمیل کو پہنچا۔

سال 2005ء کے دوران ''تعارفِ قرآن'' پر محترم ڈاکٹر صاحب کے خطابات کو مرتب کر کے حکمت قرآن میں شائع کیا گیا' جنہیں اب کتابی شکل میں یک جا کیا جا رہا ہے۔ اس ضمن میں اگلا سلسلہ محترم ڈاکٹر صاحب کا ''دورۂ ترجمۂ قرآن'' ہے' جس کا آغاز زیر نظر شمارے سے کیا جا رہا ہے۔ دورۂ ترجمۂ قرآن کو دعوت رجوع الی القرآن اور فریضہ اقامت دین کی جدوجہد میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت حاصل ہے۔ قارئین حکمت قرآن بخوبی آگاہ ہیں کہ محترم ڈاکٹر اسرار احمد حفظہ اللہ نے رمضان المبارک 1404ھ میں قرآن اکیڈمی لاہور کی جامع القرآن میں نماز تراویح کے ساتھ دورۂ ترجمۂ قرآن کا آغاز فرمایا تھا جسے بحمد اللہ اس قدر قبولِ عام حاصل ہوا کہ اس وقت ملک بھر میں متعدد مقامات کے علاوہ بعض بیرونی ممالک میں بھی رمضان المبارک کی راتوں میں اس کا اہتمام کیا جاتا ہے۔ مزید برآں محترم ڈاکٹر صاحب کے دورۂ ترجمۂ قرآن سے دنیا کے طول و عرض میں آڈیو/ویڈیو کیسٹس اور کمپیوٹر سی ڈیز کے علاوہ ٹیلی وژن نیٹ ورک کے ذریعے استفادہ کیا جا رہا ہے۔ تاہم یہ ضرورت شدت سے محسوس کی جا رہی ہے کہ اس spoken تفسیر کو تحریری شکل میں پیش کیا جائے۔ چنانچہ حکمت قرآن کے زیر نظر شمارے میں ''سورۃ الفاتحہ'' کی اشاعت اس کا نقطۂ آغاز ہے' السعی منا والا تمام من اللہ oo